6 مئی 2022ء

نظرِ ثانی شدہ دفتری اوقات

بینک دولت پاکستان مندرجہ ذیل ایامِ کار اور اوقاتِ کار پر فی الفور عملدرآمد کرے گا:

پیر تا جمعرات صبح 9:00 بجے سے شام 5:30 تک جس میں 1:30 سے 2:15 تک نماز / کھانے کا وقفہ ہوگا، جبکہ جمعہ کو دفتری اوقات صبح 9:00 بجے سے شام 6:00 تک ہوں گے جس میں 1:00 بجے سے 2:30 بجے تک نماز / کھانے کا وقفہ ہوگا۔

بینک / مائکروفنانس بینک عوام سے لین دین کے لیے اپنی کاروباری ضروریات کے مطابق کاروباری (بینکاری) اوقات مقرر کرسکتے ہیں، بشرطیکہ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی-بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر جن کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل کر رہے ہوں، اس مقصد کے لیے کم از کم بینچ مارک کے طور پر ان کی پابندی کی جائے۔

مزید برآں، کاروباری برادری اور عوام الناس کو بنیادی بینکاری سہولتوں کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے بینک / مائکروفنانس بینک بڑے شہروں / کاروباری مراکز / کمرشل مارکیٹوں اور مراکز / پورٹس وغیرہ میں واقع اپنی منتخب برانچیں اپنی کاروباری ضروریات کے مطابق ہفتے کو بھی کھول سکتے ہیں۔ بینکوں کے کسٹم ہاؤسز / پورٹس پر واقع کلیکشن بوتھ حسبِ معمول ساتوں دن اور 24 گھنٹے کھلے رہیں گے۔ تاہم بینک / مائکروفنانس بینک ہفتہ کو کھلنے والی برانچوں کی مکمل فہرست شعبہ بینکاری پالیسی اور ضوابط (بی پی آر ڈی) کے پاس جمع کرائیں گے اور اپنی اپنی ویب سائٹس پر بھی ان برانچوں کی اپ ڈیٹ شدہ فہرست رکھیں گے۔ بینک / مائکروفنانس بینک اپنے صارفین کی معلومات کے لیے متعلقہ برانچوں میں نمایاں مقام پر یہ اعلان آویزاں کریں گے کہ یہ برانچ ہر ہفتہ کھلا کرے گی۔

مذکورہ بالا ہدایات کسی تبدیلی یا واپس لیے جانے تک نافذالعمل رہیں گی۔

****